شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36۔کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

12مئی 2021ء

پریس ریلیز

افغانستان میں امن کی بگڑتی ہوئی صورتحال کا ذمہ دار امریکہ ہے۔

لاہور(پ ر) افغانستان میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کا ذمہ دار امریکہ ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ امریکہ نے اپنی روایتی ہٹ دھرمی، رعونت اور تکبر کی وجہ سے افغانستان میں قیام امن کی تمام تر کوششوں کو تباہ وبرباد کر دیا ہے۔ اُس کا دعویٰ ہے کہ وہ افغانستان میں قیام امن کے لیے آیا تھا لیکن حقیقت میں وہ نہ صرف افغانستان بلکہ پورے خطے میں قتل وغارت گری کا سلسلہ دراز کر رہا ہے۔ امریکہ نے افغان امن معاہدے کے تحت یکم مئی کو افغانستان سے مکمل فوجی انخلاء کرنا تھا لیکن شروع سے ہی اُس کے کردار سے واضح ہو رہا تھا کہ وہ امن کے لیے نہیں بلکہ اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیے موجود ہے اور اپنے گھناؤنے ایجنڈے پر عمل درآمد کے لیے پورے خطے کے امن کو داؤ پر لگا رہا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ اگر افغانستان میں جنگ اور فساد بڑھا تو اس کے اثرات پورے خطے پر مرتب ہوں گے۔ خاص طور پر پاکستان پر اس کے اثرات بہت گہرے ہوں گے۔ لہٰذا پاکستان کی سیاسی وعسکری قیادت کو چاہیے کہ وہ افغانستان میں قیام امن کے لیے افغان طالبان کے جائز مطالبات کی حمایت کریں کہ غیر ملکی افواج کو افغانستان سے فی الفور نکالا جائے جو کہ فساد کی اصل جڑ ہیں اور افغانستان کو اپنے معاملات خود طے کرنے دیے جائیں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرو اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 12 May 2021

"The US is responsible for the deteriorating situation of peace and stability in Afghanistan."

Lahore (PR): "The US is responsible for the deteriorating situation of peace and stability in Afghanistan."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that due to the typical obstinacy, arrogance and conceit of the US, all efforts of bringing peace in Afghanistan have been sabotaged. The US is still adamant that it had occupied Afghanistan in order to 'bring peace', yet the reality is that all these narratives are fake and the US is extending and proliferating murder and slaughter not only in Afghanistan but over the entire region. The Ameer remarked that the US was required to completely withdraw all of its troops from Afghanistan by 1 May 2021, according to the Afghan Peace Agreement, yet the actions of USA were making it clear from the very onset that it was present in Afghanistan not for peace but in order to fulfill its nefarious designs and USA is now playing with the peace and stability of our entire region in order to fulfill its agenda. He said that if the war and chaos in Afghanistan perpetuated and proliferated then it would have impact over the entire region, and in particular, its effects on Pakistan would be extremely devastating. Therefore, it would be very prudent for the political and military leaderships of Pakistan to completely support the demands of the Afghan Taliban viz., the illegal occupation forces, which are the real reason for this entire mess, must leave Afghanistan immediately and Afghanistan ought to be given the space to settle its own problems without any outside influence whatsoever.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan